HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Fresh Halal Meat & Vegetables



انوکی اور جھارا پہلوان کی کشتی ۱۳ اپریل تک ملتوی کردی گئی

[illegible]

بھٹو آ جائیں

بھٹو کے حاشیہ برداروں میں زانیوں، شرابیوں اور سمگلروں کی تعداد بہت زیادہ تھی

جنسی بے راہروی کا مظاہرہ شادیاں اور طلاقیں

• جنسی سرگرمیوں کیلئے غنڈوں کی فوج

[illegible] سے بھی مانگی اور اس سے دست درازی کی کوشش کی

راولپنڈی (اے پی پی) مسٹر بھٹو کے حاشیہ برداروں کی اخلاقی گراوٹ کے بارے میں قرطاس ابیض میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے [illegible]

[illegible]

آغا شاہی کے استعفے کی تردید

کراچی (اے پی پی) سرکاری ذرائع نے بعض اخبارات میں شائع ہونے والی ان خبروں کی تردید کی ہے کہ صدر کے مشیر برائے امور خارجہ مسٹر آغا شاہی مستعفی ہوگئے ہیں۔ ان ذرائع نے مستعفی ہونے کی خبروں کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

لاہور میں مقیم مسلمان دوشیزہ کے لیے کینیڈا یا امریکہ میں مقیم لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکی کے بھائی ٹورانٹو میں بزنس کرتے ہیں۔ تفصیل کے لیے اس پتہ پر خط لکھیئے:

A. Q. C/O CRESCENT

•

ایک ۱۹ سالہ خوبصورت تعلیم یافتہ اعلیٰ خاندانی "مطلقہ" امیگرینٹ لڑکی کے لیے ۲۵، ۲۶ سالہ خوبرو، اسمارٹ میکینکل انجینئر یا اعلیٰ تعلیم یافتہ "سنت الجماعت" شریف، اعلیٰ خاندانی لڑکے سے فوری رشتہ مطلوب ہے۔ اہل ترین حیدرآبادی کو ترجیح دی جائے گی۔ تحریر اور مکمل کوائف کے ساتھ فوری رابطہ قائم کریں۔

F. R.
P.O. BOX 6057
TORONTO, M5W 1P5

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

بھٹو نے برسر اقتدار آنے کے بعد

اپنے خلاف موجود تمام

سرکاری ریکارڈ ضائع کر دیا

شیخ مجیب کے بارے میں مرتبہ ریکارڈ بھی ضائع کر دی گئی

راولپنڈی (اے پی پی) [illegible]

[illegible]

You belong to Canada



...and Canada belongs to you

آپ کینیڈا سے وابستہ ہیں اور کینیڈا آپ سے .....

کینیڈا آپ کا ملک ہے۔ ہر صوبہ، ہر شہر اور ہر دیہات۔ مشرق میں بحر اوقیانوس کے صوبے، ہمارے دلکش اعلیٰ قومی علاقے، دور مغرب میں بلند و بالا چٹانیں اعلیٰ قدرتی حسن کی سرزمین، پر خلوص اور مہربان، مختلف مزاج کی ثقافت کے تجربے جو کوئی دوسرا ملک نہیں پیش کر سکتا۔
اس سال اپنے کینیڈا کے کسی دوسرے حصے کے بارے میں جانئے۔ اپنے "وطن" سے اپنے دوست احباب اور رشتہ داروں کو مدعو کیجئے تاکہ وہ یہاں آکر آپکی خوشیوں اور آپکے احساس فخر میں شریک ہو سکیں۔

Canada
So much to go for.

Canadian Government Office of Tourism
Office de tourisme du Canada

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

انگڑائی

نقطۂ مرکز کی طرف مائل پرواز تھا حسن
جب ٹنا ہی نہیں عالم تری انگڑائی کا
عزیز لکھنوی

•

انگڑائی لے رہے تھے وہ دونوں اٹھا کے ہاتھ
دیکھا جو مجھ کو چھوڑ دیئے مسکرا کے ہاتھ
نظام رامپوری

•

دیر تک اس شبہ میں دیکھا ہلال
یہ کسی کافر کی انگڑائی نہ ہو
سائل دہلوی

•

صد شکر ہم سے آج وہ رشکِ قمر کھلا
انگڑائی لی تو سمجھے کہ مقصد کا در کھلا
امیر مینائی

•

اُبھر کر کچھ جیسے — اُوپر کو عالم
کوئی انگڑائیاں لیتا اُٹھا کیا
فراق گورکھپوری

•

جب تقاضا ضبط کا ہو اور تنہائی نہ ہو
اف وہ کیفیت کہ ہو بھی اور انگڑائی نہ ہو
اثر لکھنوی

•

کر گئی کام مگر نام کو انگڑائی ہے
ہائے کس بھیس میں کم بخت قضا آئی ہے
اقدس قریشی

•

الٰہی کیا علاقہ ہے وہ جب لیتا ہے انگڑائی!
مرے سینے میں سب زخموں کے ٹانکے ٹوٹ جاتے ہیں
نامعلوم

•

عبث انگڑائیاں لے لے کے کیوں ملتے ہو آنکھوں کو
جھلا یہ بھی تو گھر ہے سو رہو گر نیند آئی ہے
جرأت

•

عشق پر بھی چھا گئیں رعنائیاں
آفت آری توڑتی ہوئی انگڑائیاں
آرزو لکھنوی

شہرِ گمنام

حبیب الرحمٰن
(ونچسٹر، میشی گن)

جیسے کوئی سیاح سفر سے لوٹے
جب شام کو تم لوٹ کے گھر آؤ گے
ہر نقش محبت سے تمہیں دیکھے گا
ہر یاد کو تحفہ ہوا تم پاؤ گے
تم بیٹھو گے انکار کی خاموشی میں
سوچو گے کہ اس رخ سے کیا ہاتھ آیا
تم ڈھونڈنے نکلے تھے مگر کیا پایا!
جم جائیں گی شعلوں پہ تمہاری آنکھیں
ہر شعلے میں اک خواب نظر آئے گا
دیواروں پہ پرچھائیاں لہرائیں گی
ہر راستہ آوازوں سے بھر جائے گا
اک شہر ہے آباد تمہارے دل میں
اک شہر جو گمنام ہے ناپیدا ہے
اک شہر جو مانندِ شجر تنہا ہے

چھپ رہا۔ دوسرے دن محترمہ کے دردولت پر حاضر ہوا تو چائے کا انتظام تو تھا لیکن چاہت کا انتظام نہ تھا اور جذبۂ شوق کی متوقع گرمیوں کی بجائے اچھی خاصی سردیاں برپا تھیں۔ والدہ محترمہ کا سانس سینے کی بجائے نرخرے سے نکلتا محسوس ہوتا تھا مسز برنچ کی گفتگو بھی کافی ایئر کنڈیشنڈ تھی۔ سارے گھر کا ماحول یخ بستہ نظر آتا تھا۔ یوں معلوم ہوتا تھا جیسے قطب شمالی میں آ نکلا ہوں بلکہ آہستہ آہستہ والدہ مہربان اپنی کرسی کی شکل میں اسکیمو نظر آنے لگیں۔ گھڑی کی مستقل چیختوں سے لرزہ معلوم ہونے لگی۔ چائے کا گھونٹ پیا تو منہ ہی میں جم گیا۔ رخصت کی اجازت مانگی تو جیسے بن مانگے ہی مل گئی۔ دروازے سے نکلا تو والدہ مہربان گھڑی دکھا کے سے چلتے ہوئیں۔

"ہمیں معلوم نہ تھا کہ آپ جواری، شرابی اور کبابی ہیں" زور دار دروازہ جھٹکے سے بند ہو گیا۔

یہ تھی اس پوشیدہ دل کی کارستانی۔ کم بخت نے شادی تو خیر نہ ہی لیکن ہمیں بدنام کرنے کی جرمکون دکھانے سے باز نہ چھوڑا۔ بلکہ مستقل طور پر شادی کے لیے ہی نااہل کر دیا۔ اس سے تو یہی بہتر ہوتا کہ ہم اپنی زبان ہی سے معذوری کا اظہار کر دیتے۔ یا شادی ہی کر لیتے۔ خواہ بعد میں برادری سے خارج کر دیئے جاتے۔ بہرحال آگ بجھ گئی تو تمہید کے اس انگریزی گلاب کے پاس گئے اور؛

"اور ہونے زمانے کے متروک سے کپتان محترمہ سے شادی کرنے سے پہلا احتیاطی پانی بند ہو جاتا ہے۔ یا ہم پوچھتے چلتے اتم نے ہمارے متعلق یہ سرنکالی جھوٹ کیوں بولا؟ تم جیسے پڑھا لکھا کے کہہ سکتے ہو کہ ہم جواری، شرابی اور کبابی ہیں؟ ایک شریف زادے پہ یہ تہمت؟"

کیپٹن سمتھ ہماری تقریر سن کر مسکرائے اور ٹوائلٹ سے کرسی پیش کی گرم گرم کھڑے دیے اور گھڑے سے آخر وہ میٹھے پرہاتھ رکھ کر بولے۔

"دیکھو صاحبزادے۔ اول تو ان تین لفظوں

ہمارے گھر میں کنگ وریا
لگ بھگ ایک نا تو ماننے کی
بات تھی اس خالص مردانہ
گھر میں فرائض کا کیا کام

میں حقیقت کی کوئی بات نہیں انسان اگر ہر شب کلب میں برج کھیلتے ہیں جو بڑا جا لگا سا جاتا ہے۔ کبھی کبھی بیئر کا گھونٹ بھی پی لیتے ہیں جو ایسی حرام شے نہیں اور کباب تو خیر اسلام میں بھی حلال سو جو کچھ میں نے کہا ہے وہ اتنا جھوٹ بھی نہیں اور اتنا سنگین بھی نہیں جتنا کہ بعض سنگین لفظوں کا فائدہ اٹھا لیتے ہیں اور عارضی طور پر مسز برنچ کی محبت کا رخ موڑ دیا ہے اب جب چاہیں انہیں صحیح بات بتا کر غلط فہمی دور کی جا سکتی ہے۔

کیپٹن سمتھ کی صفائی میں ذرا سی معقولیت نظر آئی۔ خصوصاً اس لیے کہ انہوں نے محترمہ کی محبت کا رخ کسی دوسرے شخص کی طرف موڑ دیا تھا اور اب ان کی شادی کا امکان تھا جو عارضی ان کی سکیم کے عین مطابق تھا چنانچہ ہم نے اپنے غصے کی شدت کو ذرا کم کرتے ہوئے کہا؛

"اچھا تو کچھ ٹھیک ہی معلوم ہوتا ہے اور ہاں وہ محبت کا رخ کس طرف موڑا ہے؟"

کیپٹن سمتھ کے ہونٹوں پر ایک معنی خیز تبسم نمودار ہوا اور بولا؛

"وہ تمہارے بہت سے شکر ہے۔"

ہم ایک لمحہ کے لیے ہکا بکا رہ گئے اور آج تک پچھتا رہے ہیں کہ اس راسپوٹین کی طرف کیوں رجوع کیا تھا، آپ بھی سوچتے ہوں گے کہ اس شادی کا انجام کیا ہوا؟ کیا ہونا تھا!

ایک

شخص جنگل سے گزر رہا تھا۔ اچانک اس نے شیر کی دہاڑ سنی۔ شیر بہت قریب ہی موجود تھا۔ وہ شخص گھبرا کر بھاگا۔ بھاگتے بھاگتے اسے ٹھوکر لگی اور وہ ایک خشک کنویں میں گر پڑا۔ گرتے گرتے دیوار میں اُگی ہوئی جھاڑیاں اس کے ہاتھ آ گئیں۔ اس نے جھاڑیاں مضبوطی سے پکڑ لیں تاکہ وہ کنویں کی تہہ میں گرنے سے بچ جائے۔ شیر دہاڑتا ہوا کنویں کی منڈیر پر آ گیا۔ اس شخص نے خوفزدہ نظروں سے کنویں کی تہہ میں جھانکا۔ وہاں ایک اژدہا منہ کھولے بیٹھا تھا۔ اس شخص نے شاخوں کی طرف دیکھا تو ایک چوہا ان کو کاٹ رہا تھا۔ اسی وقت اس کی نظر شہد کے چھتے پر پڑی جس سے شہد ٹپک رہا تھا۔ اس نے زبان نکالی اور شہد چاٹنے لگا۔ یہ دنیا ہے۔

(سلسلہ صفحہ ...)

ایسے بے باک زبان کہاں سے لاتے!

اب اس خطا کا احساس ستانے لگا کہ خاتون کو ایک غلط توقع کے ساتھ رخصت کر دیا تھا۔ اگر اس غلطی کی فوری اصلاح نہ کی گئی اور کل چائے پر بھی جا نکلے تو تاریخ شادی اور تعلق کے درمیان کوئی مشکل بھی اختیار کر سکتے ہیں۔

اور ان حالات سے ہم ہر قیمت پر بچنا چاہتے تھے۔ سب سوچا اور کچھ بن نہ پڑا تو اپنے ہمسائے انگریزی کپتان سے رجوع کیا جو ہم مشق کے بین الاقوامی خواب تھے۔ آپ نے پہلی شادی پہلی جنگ عظیم میں فرانس میں کی تھی۔ آپ کی موجودہ شادی شمری اعتبار سے ساتویں اور دوسرے حساب سے ایک سو ساتویں تھی۔ سرکار نے آپ کو پنشن سے وابستہ کر کے ریٹائرنگ کا کام دے رکھا تھا جسے آپ خوش اسلوبی سے انجام دے رہے تھے یعنی ہر دوسری بیوی کے بعد ایک ریکروٹ بھرتی کر کے فتح کر دیتے تھے۔

کیپٹن سمتھ نے ہماری داستانِ غم سنی اور فکر میں ڈوب گئے لیکن آنکھوں کو معلوم ہوا کہ جیسے غوطہ لگا کر بہت دور سے لائے ہیں۔

"جاؤ، تمہاری مشکل آسان ہو گئی ہے خاتون تمہاری محبت سے شفا پائے گی سب مجھ پر چھوڑ دو۔ کچھ دیر بعد سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔"

ہم اب تک
پچھتا رہے ہیں کہ
اس راسپوٹین کی
طرف کیوں رجوع کیا

دل میں شکوک تو بہت پیدا ہوئے لیکن اس پوشیدہ مگر مہربان دل پر جرح کرنا گستاخی تھی۔ پہلا

Ontario
Ministry of
Labour

THE OCCUPATIONAL HEALTH & SAFETY ACT, 1978 [BILL 70]

۱۹۷۸ کا "دورانِ کام صحت اور حفاظت کا قانون" (بل ستر) کو ۱۵ دسمبر ۱۹۷۸ء کو سرکاری منظوری دے دی گئی تھی۔ لیکن آج کی تاریخ تک اس کا اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ اس قانون کی نقول انٹاریو گورنمنٹ کے کتاب گھر سے مل سکتی ہیں۔ جس کا پتہ یہ ہے:

Ontario Government Bookstore,
880 Bay Street,
Toronto, Ontario M5S 1Z8

قیمت ۳۵ سینٹ فی کاپی

اس قانون کی کچھ نقول انٹاریو منسٹری آف لیبر کے دفاتر میں بھی موجود ہیں جو بیلیل، کینورا، کنگسٹن، کچنر، لندن، اوٹاوا، سوسینٹ میری، سڈبری، تھنڈر بے اور ونڈسر میں واقع ہیں۔ اور دفتر اطلاعات سے بھی حاصل کی جا سکتی ہیں جس کا پتہ یہ ہے:

Information Services Branch,
400 University Avenue,
Toronto, Ontario M7A 1T7

کیپٹل ٹریول اینڈ کیپٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی وی، فریج اور کار وغیرہ کے مفت کتابچے کے لیے
آج ہی فون کریں

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE
Toronto: (416)465–5411
Windsor: (519)256–0654
Detroit: (313)963–3965
Columbus, Ohio.(614)457–3876

744 Broadview Avenue
Toronto M4K 2P1
Tel. 465-5411 465-5412

کرنل محمد خان کی تازہ کہانی

میں مجھ پہلی خاتون ـــ عمر بیس، اکیس سال ـــ شائستہ اور شگفتگی سے بولیں ـ

یہ قصہ ہے انہی دنوں کا جب آتش جوان تھا اور ہم کپتان تھے اور ایک مشہور چھاؤنی کے ایک چھوٹے سے مگر کشادہ بنگلے میں رہتے تھے۔ ایک شام ٹینس کھیل کر باہر سے آئے تو اردلی نے بتایا کہ ڈرائنگ روم میں دو خواتین انتظار کر رہی ہیں۔

"خواتین؟" ہم نے حیرت سے کہا۔ ہمارے گھر میں کوئی لڑکی یا کوئی خاتون نہ آئے کی بات بھی تھی۔ خواتین کا ان دنوں مردانہ گھر میں کیا کام؟ بہرحال کمرے میں داخل ہوئے اور چہرا قدرے پر نگاہ پڑی ـــ یہ تو خواتین ہی تھیں!

خواتین کو خوش آمدید کہنے کی ابھی مشق تو نہ تھی لیکن ہمیں اتنی عقل ضرور تھی کہ پہلی ملاقات پر ہی وہ شعر پڑھنا قبل از وقت ہوگا کہ "وہ آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے" چنانچہ ہم نے آداب بجالانے کا فرض خاموشی میں ادا کیا۔ اور خاتون صاحبہ مسلمانوں کی طرح صرف "السلام علیکم" کہا۔ جواب

"وعلیکم السلام میں مسز رخ ہوں۔ میرے میاں ایک مارشل میں لاسے گئے ہیں مجھے پنشن کے لیے کسی گزیٹڈ افسر سے کاغذات تصدیق کرانے ہیں۔ آپ کو زحمت دینے آئی ہوں۔ یہ میری والدہ ہیں"

میں نے والدہ صاحبہ کی صحت میں سرخم کیا اور پنشن کے کاغذات پر تائل دستخط کر دیے جس پر مسز رخ نے شکریہ ادا کیا اور سلسلہ کلام جاری رکھا۔

"ایک زحمت اور بھی اگر گوارا فرما سکیں۔

مجھے ڈاکخانے سے روپے نکلواتے وقت بڑی دقت ہوتی ہے۔ خصوصاً دیر سے بھاڑ کر دیکھنے والوں سے اگر سپاہی یا چپراسی کو بھیج کر روپے نکلوا لیا کریں تو میں خود نہ جایا کروں گی۔ آپ کو تکلیف نہ دیتی مگر ہمارے گھر میں کوئی مرد نہیں"

پھر پرس کھولا اور فرمایا: "یہ ہے میری پاس بک" لیکن پرس کیا کھلا گویا طبلہ عنبر کھلا۔ پاس بک کا نکلنا تھا کہ سارا کمرہ خوشبو سے معطر ہوگیا۔ محترمہ کے ہاتھ سے رنگ دار میں رچی ہوئی کتاب لی تو ہم نے کتاب سے فارسی میں مشرکوشی کرتے ہوئے پوچھا۔

"مشکی یا عنبری ؟"

کتاب نے محترمہ سے آنکھ بچا کر ہمارے کان میں کہا۔

"عطور میں تو ناچیز کی کا بھی ہوں۔ باقی سب جمال ہم نشیں کا عکس ہے"

میں پاس بک سے ہم کلام تھا کہ محترمہ درمیان میں بول پڑیں۔

"یوں تو آپ کو تکلیف نہ دیتی۔ لیکن چونکہ آپ یونٹ کے ایڈجوٹنٹ افسر بھی ہیں لہذا آپ کے لیے ہمارا کام مشکل نہیں ہے"

گویا محترمہ آدمی سے پہلے خاکسار کے پیشے اور ساکھ سے متعلق بھی تحقیق کی جا چکی تھی اور اس امتحان میں پاس سمجھا گیا تھا۔ اسی لیے تو پہلی ملاقات ہی میں "پیسرونم تو مایہ خویش را" کی نوبت آگئی تھی۔ عرض کیا۔

"یہ خدمت بھی بجا لاؤں گا۔"

دوسرے دن دفتر گیا تو نائیک صوبہ خان ڈاکخانے کو جانے لگا تو اسے مسز رخ کے روپے نکلوانے کے لیے پاس بک دی۔ صوبہ خان واپس آیا تو پاس بک واپس کرنے سے پہلے بات اس ذوق سے سونگھا کہ اس سے ایک شوق ملحق کر لیا۔ پھر ہم پر ایک نہایت شبہ آلود نگاہ ڈالی۔ پھر پاس بک اور نقدی میز پر رکھ کر ایک اٹینشن کیا اور چل دیا۔ صوبہ خان کو اپنی بدتمیزی پر اختیار نہیں تھا لیکن ہمیں معاف کرنے پر اختیار تھا چنانچہ معاف کر دیا۔

لمبی داستان کسی قدر دراز ہے۔ مختصر یہ کہ اس ملاقات کے بعد محترمہ وقتاً فوقتاً تشریف لانے لگیں شروع شروع میں والدہ کے ساتھ لیکن جب ہماری برخورداری کا یقین ہو گیا تو اکیلی بھی آ جاتیں۔ ہمیں اس بات کا اعتراف ہے کہ شروع میں ہمارا اندازہ مسز رخ کے متعلق کچھ اور ہی تھا۔ لیکن ذرا تفصیلی تعارف ہوا تو معلوم ہوا کہ شاید ہم اتنے برخوردار نہیں جتنی مسز رخ باکردار ہیں چنانچہ اس انکشاف کے بعد ہمارا دل اس خاتون کے لیے سراپا احترام و تحسین تھا۔

مسز رخ ایک تعلیم یافتہ خاتون تھیں اور خوش ذوق بھی۔ اگرچہ ان کا اصل حسن ان کے شگفتہ مزاج، شائستہ عادات اور شیریں گفتار میں تھا لیکن اس شگفتگی، شائستگی اور شیرینی سے بھی واضح تر حقیقت ان کا شباب تھا جوان کی بیوہ وقت بیوگی کی وجہ سے گوارا نہ تھا اور اگر کسی چیز کی ضرورت تھی تو شریک زندگی کی تھی اور بجا طور پر۔

بدقسمتی سے ہم خود کو خانگی اور خاندانی مجبوریوں کی وجہ سے اس شراکت سے معذور رکھتے لیکن مسز رخ کے حالات کے پیش نظر ہمیں ان سے دلی ہمدردی تھی۔ چنانچہ طے پایا کہ ہم اپنے حلقہ احباب کو پرکھنے لگے کہ شاید ان میں سے کوئی مسز رخ کی رفاقت کے قابل ہو۔

ہم پوری نیک نیتی سے اس کار خیر میں مصروف تھے لیکن ہمیں معلوم نہ تھا کہ مسز رخ کے بھی ـــ جنہیں ہماری خانگی مجبوریوں کا علم نہ تھا ـــ اتنی ہی نیک نیتی سے بعید از (زی) خانہ داری ارادے خود ہمیں بھی نشانہ باتی تھیں اور ہمیں اس کا پہلا جامد اندیشہ اس وقت ہوا جب ہم ایک دوپہر کو دفتر سے واپس آ گئے۔

حسب معمول ڈرائنگ روم کا دروازہ کھولا لیکن قدم اندر رکھا تو یوں محسوس ہوا جیسے ہمارے سٹوڈیو میں آ نکلے ہوں۔ یہ ہمارا ہی گھر تھا اور ہمارا ہی سامان لیکن اس کی ترتیب میں انقلاب تھا۔ صوفوں کی آرائش میں نیا حسن تھا، گلدستوں میں نئی تازگی تھی۔ اور پردوں میں نیا فسوں۔ یوں معلوم ہوتا تھا جیسے ہمارے ڈرائنگ روم میں کہکشاں اتر آئی ہو۔ بلکہ غالب کی طرح ہمیں محسوس ہوا کہ ہمیں لگے اور ستارے اب آسماں کے لیے!

بیرا محمد دین نمودار ہوا اور ہمارے پوچھے بغیر ہی سمجھ گیا کہ کس سوال کا جواب دینا ہے۔ بولا

"سر یہ سب کچھ بیگم صاحبہ نے کیا ہے"

"کس کی بیگم صاحبہ؟"

محمد دین تجربہ کار صاحب دیدہ اور نیم آزمودہ بیرا تھا۔ سوال کا جواب ٹال گیا۔ اور بولا

"سر بیگم صاحبہ باورچی خانہ میں کھانا تیار کر رہی ہیں"

کچن میں جھانکا تو مسز رخ ابھی ابھی کھانا پکوانے سے فارغ ہو چکی تھیں اور باورچی کو آخری ہدایات دے رہی تھیں۔ ہماری آنکھیں مسز رخ کی منعونیت میں تر ہو گئیں۔ دفتر کی کوفت کے بعد ہاتھ منہ دھو کر کھانے کے کمرے میں آئے تو مسز رخ بھی کچن کی کوفت دھو کر گلاب کی صورت تشریف لے آئیں۔ شکریہ کے بعد پوچھا کہ آخر اس زحمت کی وجہ؟ تو وہ بولیں،

"اس گھر کے ماحول سے ایک کرخت مردانہ پن ٹپکتا تھا۔ سوچا کہ آپ کے نوکروں کا ہاتھ بٹا دوں"

یہ خاکساری بھی تھی اور دلربائی بھی۔ کھانا کھا چکے تو ہم سے وعدہ لیا کہ کل چائے پر آنا ہوگا۔ اتنے میں نائیک صوبہ خان بھی ڈاک خانہ سے روپے نکلوا لایا۔ تھوڑی دیر بعد مسز رخ رخصت ہونے لگیں تو ان کے انداز سے ظاہر تھا کہ اس دفعہ پاس بک کے ساتھ دل بھی چھوڑے جا رہی ہیں۔ ادھر ہم ہرچند کرتا ہوں بلا رہے تھے، امیدوار نہ تھے۔ ہزار چاہا کہ سواری روک کر کہہ دیں کہ یہ ہے آپ کا دل۔ لیتی جائیے لیکن

(باقی ؟)

خواتین کے لیے اردو میں جماعت تفسیر القرآن

جامع مسجد ٹورانٹو میں خواتین کے لیے اردو میں تفسیر القرآن کی جماعت کا انتظام کیا گیا ہے۔ یہ جماعت ہر اتوار کو بعد نماز ظہر دو سے تین بجے تک اکٹھا ہوگی۔

خواتین سے التماس ہے کہ شرکت کر کے استفادہ حاصل کریں نیز اس کام میں ذاتی طور پر حصہ لیکر دوسری خواتین کو مستفید کریں۔

LOTTARIO

JACKPOT WINNER! $643,230.90

On Saturday, January 27th, Eddie Campbell of Ottawa won the LOTTARIO Jackpot by selecting numbers 4, 9, 12, 19, 31 and 35.

MEET THE WINNER!

Eddie Campbell of Ottawa

What a way to celebrate a Birthday! Eddie Campbell of Ottawa turned 64 just 3 days before the draw. This retired CN railroad worker has loved games involving numbers all his life . . . and on January 27th, his six lucky numbers came up. Will he continue to play LOTTARIO? "You bet I will", says Eddie, "It's a whole lot of fun".

YOU TOO COULD WIN!

اپنا لوٹیریو نمبر خود منتخب کرنا ایک پر لطف کھیل ہے۔ پیدائش کی تاریخیں، ٹیلیفون نمبر، سوشل انشورنس نمبر، بینک اکاؤنٹ نمبر، کوئی سے بھی چھ نمبر منتخب کیجیے۔۔۔ سلسلہ چلتا ہی جاتا ہے۔

تو اپنے پسندیدہ نمبروں کا انتخاب کیجیے اور ہر ہفتہ کی رات ٹی وی پر لوٹیریو کی قرعہ اندازی دیکھیے۔۔۔ چھ مختلف نمبر اور ایک بونس نمبر کا قرعہ ہر ہفتہ نکلتا ہے۔ ان چھ نمبروں کو کسی بھی ترتیب میں اپنے منتخب شدہ نمبروں سے ملائیے۔ اگر وہ سب ایک جیسے ہیں تو آپ نے جیک پاٹ جیت لیا ہے۔ یا

اگر کسی اور نے بھی یہی نمبر منتخب کیے ہوں تو پھر یہ انعام مساوی تقسیم ہوگا۔ لیکن اگر آپ کے پورے چھ نمبر صحیح نہ ہوں تب بھی انعام جیتنے کے ہزاروں مواقع ہیں۔

اگر آپ کے ۵ نمبر صحیح ہوں اور چھٹا نمبر بونس نمبر سے ملتا ہو تو آپ سکنڈ پرائز پول میں حصہ دار ہوں گے۔

یا اگر آپ کے صرف ۵ نمبر صحیح ہوں تو آپ تھرڈ پرائز پول کے مستحق ہوں گے۔

اگر آپ کے چار نمبر قرعہ کے چار نمبروں کے مطابق ہوں تو پھر آپ فورتھ پرائز پول جیت لیں گے۔

اور اگر آپ کے صرف تین نمبر صحیح ہوں تو آپکو ۵ ڈالر ملیں گے۔ ایک ڈالر میں کھیل بڑا جیتیے!

اور ہر ہفتہ ہزاروں لوگوں کا انعام جیتنا یقینی ہے۔ کیونکہ آپ کے منتخب شدہ نمبروں کا قرعہ میں نکلے ہوئے نمبروں کی ترتیب کے مطابق ہونا ضروری نہیں ہے۔

YOU DON'T JUST BUY A TICKET.
YOU PLAY IT.

پندرہ روزہ

کریسنٹ

انٹرنیشنل

منو، ٹراکیڈیا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

خبردار کہ اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کوئی خوف ہوگا نہ غم ہوگا (القرآن)

ضابطۂ اسلام اور نوکر شاہی

اپنے ایک تازہ اخباری بیان میں پاکستان قومی اتحاد کے صدر مولانا مفتی محمود نے وطن عزیز میں نفاذِ اسلام کی کوشش پر بعض بڑی طاقتوں کے ناگوار ردعمل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اندرونِ ملک بعض اسلام دشمن عناصر کی سرگرمیوں کا بھی ذکر کیا ہے نیز نوکر شاہی کے منافقانہ کردار کا حوالہ دیتے ہوئے اس شک کا اظہار کیا ہے کہ وہ اسلامی نظام کو ناکام بنانے کی کوشش کرے گی۔ چنانچہ ضروری ہے کہ سیاستدانوں کے ساتھ نوکر شاہی کا بھی احتساب کیا جائے۔

مفتی محمود کی مذکورہ صدر بات یکسر مسترد نہیں کی جا سکتی۔ بڑی طاقتیں کب چاہیں گی کہ کسی ملک میں اسلام نافذ ہو وہ تو ہمیشہ ہی اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ریشہ دوانیوں میں مصروف رہی ہیں اور ان سے آئندہ بھی اسی قسم کے رویئے کی ہی توقع کی جا سکتی ہے۔ تاہم اندرونِ ملک جو عناصر نفاذِ اسلام کے ضمن میں ناپسندیدہ سرگرمیوں میں مصروف ہیں انہیں اس قسم کی اجازت نہ دی جا سکتی ہے نہ دی جانی چاہیئے۔ انہیں راہ راست پر لانا حکومت ہی کا نہیں ساری قوم کا اخلاقی فریضہ ہے تاہم نوکر شاہی کا معاملہ مختلف ہے۔ مفتی صاحب نے اس کے بارے میں جن شکوک و شبہات کا اظہار کیا ہے وہ بےبنیاد نہیں اور نہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ ایک سیاستدان نے اپنی یا دوسرے سیاستدانوں کی کوتاہی اور کمزوری کا بوجھ انتظامیہ یا نوکر شاہی پر ڈال دیا ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ نوکر شاہی کے کل پرزے قومی سطح پر اگر ہر خرابی کے ذمہ دار نہیں تو بڑی حد تک زیادہ ذمہ داری انہی پر عاید ہوتی ہے۔

گزشتہ تیس برس کی تاریخ ایک کھلی کتاب ہے۔ پاکستان اسلام کے نام پر معرضِ وجود میں آیا تھا۔ قوم انفرادی اور اجتماعی دائروں میں اسلام کے نفاذ کی متمنی رہی لیکن ہم اس نصب العین سے دور تر ہوتے چلے گئے اور اس کی وجہ یہ تھی کہ نوکر شاہی ایک مستقل حکومتی مشینری کی حیثیت میں جو انگریز کی آوردہ پروردہ تھی اسلام کو اپنا نصب العین نہ بنا سکی۔ بلاشبہ نوکر شاہی کے بعض ارکان اسلام دوست تھے۔ ان میں وہ بھی تھے جو نفاذِ اسلام کے لیے تڑپ اور خلوص رکھتے تھے، لیکن ان کی حیثیت آٹے میں نمک کے برابر تھی۔ اکثریت ان لوگوں کی تھی جن کو بعد میں انگریز کے معنوی جانشین کہا گیا جو جدت کی خاطر اسلامی نظام کو دقیانوسی خیال کرتے ہوئے بالواسطہ یا بلاواسطہ اس کے نفاذ کے امکانات کو مشکوک بناتے رہے۔ ان کا تعاون ایسے ہی سیاستدانوں کو حاصل رہا جو کہ کسی طرح اسلام کے خیرخواہ نہیں تھے۔ نوکر شاہی کے بیشتر کل پرزوں کا یہ مزاج اور رجحان قوم کے سوچنے سمجھنے کا انداز بنا رہا ہے اور وہ بجا طور پر خیال کرتی ہے کہ اس مستقل حکومتی مشینری کی اصلاح کے بغیر معاشرہ کو اسلامی خطوط پر استوار کرنا بہت مشکل ہے۔

ہر جمہوری ملک میں سیاسی حکمران آتے اور جاتے رہتے ہیں۔ کسی قدر مستقل اختیار صرف انتظامیہ یا سول سروس کے ارکان کو حاصل ہوتا ہے۔ اگر یہ لوگ سیاسی حکمرانوں سے حقیقی تعاون نہ کریں تو حکمران مطلوبہ نتائج پیدا نہیں کر سکتے چنانچہ ایک نظریاتی مملکت میں ازبس ضروری ہے کہ جہاں سیاستدان ملک کے اساسی نظریہ پر پختہ یقین رکھتے ہوں وہاں فعال حکومت بھی اس نظریہ کے وفادار ہوں۔ اس نقطۂ نظر سے ضروری تھا کہ جا بجا یہاں فعال حکومت کے تربیتی اداروں کی بنیادیں بھی اسلامی نظریہ کی بنیاد پر استوار کی جاتیں۔ تربیتی اکادمیوں کا نصاب اور ماحول اسلامی کردار پیدا کرنے کا ضامن ہوتا لیکن بدقسمتی سے ملک کی مستقل حکومتی مشینری تیار کرنے والے ان اداروں — سی ایس پی اکادمی، فنانس اکادمی، پولیس اکادمی وغیرہ — میں قوم کے اساسی نظریہ اور اس کے نصب العین کو ترجیح نہ دی گئی۔ یہ اکادمیاں "دیسی انگریز" پیدا کرتی رہیں جو ایک مسلمان ملک کے لئے مطلوب سیرت و کردار سے عاری رہے۔ بلاشبہ ان اکادمیوں کے تربیت یافتہ بعض افسر اسلامی جذبے سے بھی سرشار رہے لیکن یہ ان کا ذاتی اور خاندانی وصف تھا۔ ان تربیتی اداروں میں قصداً ایسی کوئی کوشش نہیں کی گئی — یہ اس تربیت کا ہی اثر ہے کہ بالعموم اکثر عمال حکومت کا کردار ناپسندیدہ رہا ہے۔ رشوت ستانی، ناجائز مفادات کا حصول اور دیگر بدعنوانیاں اور بےقاعدگیاں تو ایک طرف یہ لوگ اخلاقی انحطاط کا بھی شکار رہے ہیں اور ان کا ذاتی کردار بھی محلِ نظر رہا ہے۔

صدر مملکت بارہ ربیع الاول کو نظامِ اسلام کے نفاذ کے ضمن میں بعض اعلانات کرنے والے ہیں۔ قوم گوش برآواز ہے لیکن وہ یہ بھی سوچتی ہے کہ بااختیار حکومتی ادارہ — نوکر شاہی — ان اعلانات کو کس جذبہ کے ساتھ لے گا اور اس کا عملی ردعمل کیا ہوگا! نفاذِ اسلام کا اعلان کرنے والوں کو خود بھی سوچنا چاہیئے کہ فعال حکومت ان کی کس حد تک معاونت کریں گے اور یہ کہ گزشتہ تیس برس کے عرصے میں عمال حکومت کے تربیتی اداروں میں نفاذِ اسلام کے تقاضوں کے مطابق کیا سنجیدہ کوششیں کی گئی ہیں اور اگر اب تک ادھر توجہ نہیں دی گئی تو پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ آئندہ تدبیر کیا ہوگی!

نوکر شاہی کے جو کل پرزے لوٹ کھسوٹ کو اپنا مقصد قرار دیتے ہیں اور جن کا نصب العین ترقی پسندی اور مغرب کے اوزان اقدار ہیں کیا وہ نفاذِ اسلام کے اعلان کے بعد منافقین میں تو نہ بدل جائیں گے! ہو سکتا ہے ایسے لوگ باقی نفاذِ اسلام کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کریں۔ اس سلسلہ میں مفکرین سیاست دانوں کے ساتھ نوکر شاہی کے ایسے کل پرزوں کے احتساب کی بات بے محل نہیں رہتی بلکہ سنجیدہ توجہ کا تقاضا کرتی ہے۔ اور پوری حکومت کو اس کا نوٹس لینا چاہیئے۔

معارف فرزانہ وقت لاہور



رُسوا سرِ بازار

اتنا رسوا سرِ بازار نہ ہوگا کوئی
ایسی ذلت سے سرِ دار نہ ہوگا کوئی

واقعہ یہ ہے کہ "اس شخص" کے انجام کے بعد
قوم سے برسرِ پیکار نہ ہوگا کوئی

حادثاً اتنے گنہگار تو ممکن ہے کہ ہوں
فطرتاً اتنا سیہ کار نہ ہوگا کوئی

اپنے ہی ملک کو دو لخت بنانے کے لئے
سر بھی کٹ جائے تو تیار نہ ہوگا کوئی

وہ جو خود اپنی ہی گردن کے لئے بنتی ہے
ایسی چلتی ہوئی تلوار نہ ہوگا کوئی

ملک کے حق میں کوئی روگ نہیں بن سکتا
قوم کے واسطے آزار نہ ہوگا کوئی

فاتر العقل تو آئندہ بھی ہوں گے لیکن
اس قدر ذہن کا بیمار نہ ہوگا کوئی

کشش صدیقی

نورِ بصیرت

میاں عبدالرشید

شانِ رسولِ پاک

ذرہ آفتاب کی حقیقت بیان کر سکتا ہے، نہ قطرہ سمندر کی۔ مجھ جیسے خطاکار کی کیا حیثیت ہے کہ وہ آفتابِ رسالت کا کماحقہٗ احاطہ کر سکے۔ فکر محدود، علم محدود، بیان محدود، قدرتِ بیان محدود۔ ہاں، عقیدت کے چند پھول ہیں جو یہ عاصی اس شہنشاہ کونین ؐ کے حضور پیش کرنا چاہتا ہے، جسے خود خالق نے رحمۃ للعالمین اور سراجاً منیراً (چمکتا ہوا آفتاب) فرمایا۔ شاید یہی نذرانہ دین و دنیا کی بھلائی کا ضامن ہو جائے۔

عظمت اتنی کہ سینہ اس قرآن پاک کا متحمل ہوا، جو اگر پہاڑ پر نازل ہوتا، تو وہ خشیتِ الٰہی سے ریزہ ریزہ ہو جاتا۔ رمضان المبارک بابرکت مہینہ ہے کیونکہ اس میں قرآنِ پاک نازل ہوا۔ لیلۃ القدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے، کیونکہ یہ نزولِ قرآنِ پاک کی رات ہے۔ اس کی برکتوں اور عظمتوں کا اندازہ کون کر سکتا ہے، جس پہ قرآن پاک نازل ہوا اور مسلسل ۲۳ برس نازل ہوتا رہا۔

حضورؐ قرآن پاک کی عملی تفسیر تھے قرآن مجسم تھے۔ حق تعالیٰ نے قرآن پاک کو نور فرمایا۔ (...) قرآن پاک نور ہے، تو حضورؐ نورِ مجسم ہیں۔ بظاہر قرآن پاک دوسری کتابوں کی طرح ایک کتاب ہے۔ اس کے اوراق ہیں حروف ہیں۔ جلد ہے۔ اسے پڑھا جاتا ہے۔ لیکن اللہ پاک اسے نور فرماتے ہیں۔ اسی طرح بظاہر حضورؐ دوسرے انسانوں کی طرح انسان تھے۔ کھاتے پیتے تھے۔ چلتے پھرتے تھے۔ مگر نورِ مجسم تھے۔

حق تعالیٰ نے قرآن پاک کو فرقان یعنی حق و باطل کو جدا جدا کر دینے والا فرمایا۔ حضورؐ قرآن پاک کا عملی نمونہ تھے۔ اس لیے حق و باطل کا معیار مطلق تھے۔ جسے شرف قبولیت عطا فرمائی وہ نیک ہے۔ جسے رد فرما دیا وہ بد ٹھہرا۔ جو آپؐ کے ساتھ ہو گیا، وہ حق پر ہے۔ جو آپؐ کا مخالف ہوا، وہ باطل پر ہے۔

خوابِ اقبالؒ کی تعبیر

اقوالِ خمینی سے یہ اُمید بندھی ہے
طوفاں میں جو ایران کی ناؤ کا وہ کھیوا
اقبالؒ کا یہ خواب ہو تعبیر سے ہمدوش
"تہران ہو گر عالمِ مشرق کا جنیوا"

وقار انبالوی

Introduce

Crescent To A friend

تحریک استقلال ووٹر کی کم سے کم عمر اٹھارہ سال مقرر کرے گی: اصغر خان

امورِ خارجہ، دفاع، کرنسی اور بیرونی تجارت کے شعبے مرکز کے پاس رہیں گے

پنجاب کو اب بھی پارلیمنٹ میں باقی صوبوں کی مجموعی تعداد سے زیادہ نمائندگی حاصل ہے

تحریکِ استقلال کے انتخابی منشور کے ملیوسے حصے کا اعلان کر دیا گیا

کراچی ——— (اپ پ) تحریک استقلال کے سربراہ اصغر خان نے اپنی جماعت کے انتخابی منشور کا تیسرا حصہ جاری کیا ہے جو وفاق اور صوبوں میں اختیارات کی تقسیم، سینیٹ کے دائرہ کار اور صوبوں کی پوزیشن کے بارے میں ہے۔ وہ آج یہاں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ تحریک کے منشور میں کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت پر امور خارجہ، دفاع، کرنسی، بین الاقوامی امور اور بین الصوبائی تجارت و مواصلات کی ذمہ داریاں عائد ہوں گی۔ وفاقی حکومت کو وفاق کیلئے ٹیکس اور اس کی وصولی کا اختیار حاصل ہوگا...

راولپنڈی ——— (اپ پ) قرطاس ابیض میں انکشاف کیا گیا ہے کہ خصوصی دعائیں اور عزت ماب کے احکامات کے ذریعے سابق وزیر اعظم نے کئی معاملات میں اپنے حاشیہ برداروں کو خوش کرنے کیلئے انصاف کا خون کیا...

حکومت کا اولین مقصد قومی معیشت کی بحالی ہے

——— محمود اعظم فاروقی

پشاور ——— (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات محمود اعظم فاروقی نے کہا ہے کہ ہمارا اولین مقصد قومی معیشت کا استحکام، غریب عوام کے حقوق بحال کرنا، لوگوں سے احساس محرومیت کو ختم کرنے اور عوام سے خود انحصاری کی مشکلات اور مسائل حل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اتحاد کے کارکنوں کے مختلف اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دیانتداری، عدل و انصاف، محبت و سچائی، رواداری اور اخوت کی بنیاد اسلامی قوانین ہے نظام مصطفیٰ خداوندی قانون ہے اور حضور اکرم کے ذریعے یہ نظام دنیا میں آیا۔

اردو زبان کے حق میں مظاہرے کرنے پر ۱۲ افراد ہلاک اور سینکڑوں زخمی کر دیئے گئے

پیپلز پارٹی کا حامی بنانے کے لیے طالب علموں اور مزدوروں پر تشدد کیا گیا

راولپنڈی ——— (ص ر) قرطاس ابیض کی تیسری جلد کے چوتھے باب میں ظلم و تشدد کی ان کارروائیوں کو بے نقاب کیا گیا ہے جو پیپلز پارٹی کے دورِ حکومت میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے خلاف کی گئی تھیں...

افغانستان میں نام نہاد انقلاب کے پہلے روز ہی ۲۵ ہزار افراد کو قتل کر دیا گیا

اس وقت ۳۰ ہزار علماء جیلوں میں مقید ہیں، مسلمانوں پر مظالم بند کرائے جائیں: فضل الرحمٰن المجددی

لاہور ——— خانہ بدوش افغانستان کے ممتاز دینی رہنما پیر فضل الرحمٰن المجددی نے پاکستان میں تمام مکاتب فکر کے علماء اور عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ افغانستان میں علماء کرام اور مسلمانوں کے قتل عام کے خلاف صدائے احتجاج بلند کریں...

بھٹو نے قومی اتحاد کے قیام کو روکنے کی ہر ممکن کوشش کی



اصغر خان کو حزب اختلاف کی قیادت سنبھالنے سے روکنے کے لیے ہر حربہ اختیار کیا گیا

راؤ رشید نے اپنے رفقاء کی بیگمات کے ساتھ ناجائز تعلقات استوار کیے

راولپنڈی ——— (اپ پ) سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ۱۹۷۷ء میں حتی الوسع یہ کوشش کی کہ قومی اتحاد وجود میں نہ آسکے، کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ جب تک سیاسی جماعتیں علیحدہ علیحدہ رہیں گی ان کے اقتدار کے لئے خطرہ نہیں بن سکیں گی۔ سی ۹ ۱۹۷ء میں راؤ عبدالرشید نے ملک کی عام سیاسی صورت حال کے بارے میں ایک نوٹ بھیجا جس میں بتایا گیا تھا کہ بھٹو نے احکامات جاری کئے تھے کہ متحدہ محاذ کی راہ میں رکاوٹ ڈالی جائے...

افغان عوام کی جدوجہد آزادی کی مدد کیجائے

رابطہ عالم اسلامی کے نام مودودی کا برقیہ

لاہور ——— بانی جماعت اسلامی مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی اور امیر جماعت اسلامی پاکستان میاں طفیل محمد نے رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل الشیخ محمد علی الحرکان کو بذریعہ تار اطلاع دی ہے کہ افغانستان کے مسلمانوں پر ظلم و تشدد...

جموں کے مسلمانوں کی

متروکہ جائیداد غیر مسلموں کے

حوالے کرنے کیلئے بھارتی

حکومت کا شیخ عبداللہ پر دباؤ

سیالکوٹ ——— (نمائندہ خصوصی مقبوضہ کشمیر) ...

We are famous for Halal Meat, Nahari and all sorts of Spices

at

Reasonable Prices!

کراچی اور دہلی کی نہاری ہماری خصوصی پیشکش ہے۔

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔

free regular deliveries in Toronto

INDUS FOOD MART

Importers, Exporters & Distributors of Foods

922 Pape Ave. Toronto, Ont.

Your Halal Hot-Line - 466-2323

انارکلی بازار انٹرنیشنل



پرسنل ایکسپورٹ سکیم کے تحت آپ ہم سے ریفریجریٹر، ٹیلیویژن اور الیکٹرک کا دوسرا سامان نہایت کم قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

ANARKALI BAZAAR INTERNATIONAL

206 ST. GEORGE ST., #109

TORONTO, ONT. M5R 2N6

FOR MORE INFORMATION CALL MR. FIAZ SHAH AT

(416) 924-2362

مخالف سیاسی لیڈروں پر انسانیت سوز مظالم ڈھائے گئے

ایک عالم دین کو ننگا کر کے برہنہ طوائف کے ساتھ ان کی تصاویر بنائی گئیں

اسیر مخالفین کی برین واشنگ اور ایذا رسانی کے لیے امریکہ سے آلات منگوائے گئے

اسلام آباد ——— دوسرا قرطاس ابیض میں جبر و تشدد کے ان لرزہ خیز واقعات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے جو بھٹو دور حکومت میں سابق وزیر اعظم بھٹو کی ہدایت پر سیاسی مخالفین نے خلاف روا رکھے گئے۔ [illegible]

میر غوث بخش بزنجو

عطاء اللہ مینگل

قرطاس ابیض

جھلکیاں

راولپنڈی ——— (اے پی پی) بھٹو حکومت کی کارکردگی کے بارے میں حکومت نے تیسرے قرطاس ابیض کا تیسرا حصہ شائع کر دیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ

● مسٹر بھٹو نے [illegible]

[illegible]

اصغر خان کی کتاب لندن میں زیر طباعت ہے

[illegible]

آیت اللہ خمینی کی تہران میں آمد

جھلکیاں

● طیارے کی آمد سے پہلے مہر آباد کے ہوائی اڈے سے ہم خفیہ کی نگاہیں آسمان پر لگی ہوئی تھیں۔ ایک اعلان ہوا کہ ہوائی اڈے پر مگو کی کہ طیارہ چند منٹ کی تاخیر سے پہنچ رہا ہے۔ لوگوں کا اضطراب مزید بڑھ گیا۔

[illegible]

● تمام راستہ لاکھوں افراد نے خمینی کی تصویریں اٹھا رکھی تھیں۔ [illegible]

آیت اللہ خمینی کشمیری النسل ہیں؟

لاہور ——— [illegible]

[illegible]

بھارتی بوئنگ طیارہ اغوا کرنے والے کشمیری حریت پسند ابھی سزا کاٹ کر پاکستان میں پرامن زندگی بسر کر رہے ہیں

کسی جیل سے کوئی ہائی جیکر فرار نہیں ہوا: بھارتی ریڈیو کی خبر غلط ہے

عبدالرشید

غلام نبی

لاہور ——— (وقائع نگار) ستمبر ۱۹۷۶ء میں ایک بھارتی مسافر طیارہ اغوا کر کے لاہور لانے والے ہائی جیکرز کے لیڈر عبدالحمید دیوانی نے ان اطلاعات پر تعجب کا اظہار کیا ہے [illegible]

[illegible]

اس سلسلے میں جو خبر آل انڈیا ریڈیو یا دوسرے ذرائع نے نشر کی ہے وہ غلط ہے۔

ملا شور بازار ہلاک نہیں کئے گئے

لاہور ——— (اے پی پی) پیر محمد ابراہیم مجددی ملا شور بازار کے بھتیجے پیر فضل الرحمان مجددی نے ان اطلاعات کی تردید کی ہے کہ ملا شور بازار ہلاک کر دیئے گئے ہیں۔ آج یہاں اخبار کو [illegible]

[illegible]

گروسری ۔ سبزیاں ۔ مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

Tel. 762-1633

ALFLAH GROCER

2774 Dundas St. West

Toronto, Ont.

انکم ٹیکس سپیشلسٹ

Bus. (416) 636-2513 NIGHTS 292-9228

افضل حسین

Afzal Hussain B.Comm., M.Comm.

Accountant

Afzal Bookkeeping Co.

SUITE 220
6140 BATHURST STREET
DOWNSVIEW, ONTARIO
M3H 3P3

INCOME TAX
BOOKKEEPING

خواتین کا ہاکی کھیل بند کرنے پر غور کیا جا رہا ہے

راولپنڈی ——— (نامہ نگار خصوصی) معلوم ہوا ہے کہ حکومت ملک میں خواتین کے ہاکی کے کھیل کا خصوصی جائزہ لے رہی ہے [illegible]

امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد اور امیر صوبہ مولانا فتح محمد

تعزیت اور دعائے مغفرت کے لیے جہلم آئے

امیر جماعت اسلامی پاکستان میاں طفیل محمد اور امیر صوبہ مولانا فتح محمد کے ہمراہ جہلم تشریف لائے جہاں جمعہ اور لوگوں کے علاوہ جماعت کے ایک نہایت مخلص کارکن محمد رفیق اویسی کے ہاں تشریف لے گئے جن کے جواں سال بیٹے [illegible] انتقال ہو گیا۔ میاں صاحب نے دعائے مغفرت کی۔ وہاں کافی تعداد جمع ہو گئی۔ ایک سوال کے جواب میں میاں صاحب نے فرمایا کہ اس ملک میں انشاء اللہ نیکی پھیلے گی اور بدی مٹا دی جائے گی اس کے لیے ہم یہ کہتے ہیں کہ نظام مصطفیٰ اسلام کو چلانے والوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ خود اس کے لیے مخلص ہوں اور نیکی اور بدی میں تمیز کرنے والے ہوں۔

پاکستان اور ملائشیا کے درمیان ہر سطح پر اشتراک عمل میں اضافہ ہوگا

دونوں میں اقتصادی اور فنی تعاون کا ایک معاہدہ بھی طے پائے گا

صدر ضیاء الحق سے ہماری مفید بات چیت ہوئی ہے

وطن روانگی سے پہلے ملائشیا کے وزیر اعظم داتو حسین بن عون کی پریس کانفرنس

کراچی ـــــ (نمائندہ خصوصی) ملائشیا کے وزیر اعظم داتو حسین بن عون نے کہا ہے کہ عنقریب پاکستان اور ملائشیا میں اقتصادی اور فنی تعاون کا ایک معاہدہ طے پا جائے گا۔ آج صبح کراچی میں گورنر ہاؤس میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا اس معاہدے کیلئے ... مختلف ممالک کے افسران اور ماہرین پر مشتمل وفود باہمی مذاکرات کے بعد معاہدے کی تفصیلات طے کریں گے انہوں نے کہا کہ ... پاکستان کے دوران میں نے صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق اور دیگر پاکستانی حکام سے ... بات چیت کی ہے ...

سٹیل مل کی نگرانی اور عملے کی تربیت کیلئے ۵۰۰ روسی ماہرین پاکستان آ گئے

منصوبے کا ۸۳ فیصد کام مکمل کیا جا چکا ہے۔۔۔ ۱۹۸۰ء تک کام شروع ہو جائے گا

کراچی ـــــ (اپ پ) پاکستان سٹیل ملز نے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں جس کے تحت تقریباً ساڑھے چار سو روسی ماہرین پلانٹ کی کارکردگی کی نگرانی کریں گے۔ روسی ماہرین کا پہلا گروپ اس سال مارچ میں پاکستان پہنچ جائے گا روسی ماہرین کا یہ عملہ ایک مخصوص عرصے میں نگرانی اور تربیت کا کام کرے گا اس میعاد میں ایک سال یا اس سے زیادہ عرصے تک توسیع بھی کی جا سکتی ہے۔ ... سٹیل ملز کا دورہ کیا ... چیئرمین مسٹر عابد حسین بھی ان کے ہمراہ تھے ... اس منصوبے کا ۸۳ فیصد کام مکمل ہو چکا ہے ... ۱۹۸۰ء تک حاصل ہونے لگے گی ...

انجینئر، کارکنوں اور روسی ماہرین کو محنت کرنے پر مبارکباد دی۔ مسٹر عابد حسین نے ... ۱۹۷۷ء کے تخمینوں کے مطابق اس منصوبے پر مجموعی طور پر ۱۹ ارب ... کروڑ روپے خرچ ہونگے اس رقم میں حکومت روس کی طرف سے ... کا قرض بھی شامل ہے ... مکمل کر لیا جائے گا ... یہ ملک کا سب سے بڑی مشین شاپ ہے۔

ظلم کی داستان — بیگم خواجہ محمد رفیق کا بیان

خواجہ محمد رفیق کو بھٹو حکومت نے قتل کرایا تھا!

سابق گورنر کھر کے حکم پر پولیس نے پیپلز پارٹی کے غنڈوں کو کھلی چھٹی دے رکھی تھی

ڈپٹی کمشنر لاہور نے خواجہ رفیق کی پختہ قبر بنانے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا تھا

بیگم خواجہ رفیق

خواجہ رفیق شہید کے بیٹے

لاہور ـــــ بیگم خواجہ محمد رفیق نے کہا ہے کہ اس کے شوہر کو خود بھٹو حکومت نے قتل کرایا ہے ۲۰ دسمبر ۱۹۷۲ء کو جب کہ لاہور میں اس وقت کی حکومت کے خلاف اتحاد کی جلوس نکالا گیا تھا تو اس جلوس کے دوران ہی خواجہ رفیق کو ... [illegible]

پنجاب اسمبلی ہال کے سامنے سڑک پر خواجہ رفیق شہید کی نعش پڑی ہے

صدر ضیاء سے کینیڈا کے فوجی وفد کے سربراہ کی ملاقات

راولپنڈی ـــــ (اپ پ) کینیڈا کے فوجی وفد کے سربراہ ... نے آج صبح صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق سے مارشل لا ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات کی ... صدر ضیاء الحق کے ساتھ کچھ وقت گزارا اور ان کے ساتھ باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت کی ... پاکستان میں کینیڈا کے سفیر مسٹر ... بھی اس موقع پر موجود تھے۔

ڈیسائی کی بیٹی نے مسلمان سے شادی کی اجازت نہ ملنے پر خودکشی کر لی تھی

کراچی ـــــ ... لندن سے شائع ہونے والے ماہنامہ "صورا" ... کی ایک بیٹی نے ... مسلمان سے شادی کرنے کی اجازت نہیں دی گئی تھی ... [illegible]

دنیا کی آبادی ۴ ارب ۲۱ کروڑ ۴۰ لاکھ ہے

ایشیا میں ۵۷ فیصد لوگ آباد ہیں

نیویارک ـــــ (اپ پ) اقوام متحدہ کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق ... دنیا کی آبادی ۴ ارب ۲۱ کروڑ ... ایشیا میں ... ۵۷ فیصد آبادی ... یورپ ... افریقہ ... امریکہ ... [illegible]

Old Age Pensioners

Guaranteed Income Supplement

Application forms.

انھیں پُر کیجیے! انھیں بھیج دیجیے!

آپ نے گیارنٹیڈ انکم سپلیمنٹ کے درخواست کے فارم پہلے ہی اپنی ڈاک میں حاصل کر لیئے ہیں ـــــ اگر آپ کو یہ وظیفہ ملتا رہا ہے۔ وظیفہ حاصل کرتے رہنے کیلئے آپ کو درخواست کا فارم پُر کرکے، ساتھ آئے ہوئے لفافے میں بھیج دینا چاہیئے۔

اگر آپ نے ابھی تک یہ کام نہیں کیا ہے تو اب اس فارم کو پُر کیجیے، اور فوری اسے واپس بھیج دیجیے، تاکہ یہ وظیفہ آپ کو اس مارچ کے بعد بھی جاری رہے۔

Health and Welfare Canada — Santé et Bien-être social Canada

Monique Begin, Minister



ہم دل کھول کر ڈسکاؤنٹ دیتے ہیں

پی۔ آئی۔ اے یا دنیا کی کسی بھی ایئرلائن کے سستے سے سستے ٹکٹ

وقت اور پیسہ بچائیے

PLEASE VISIT

V-SELL Travel & Tour

593 YONGE ST., TORONTO, ONT., CANADA M4Y 1Z3

(416) 967-6699

AIRPORT TRANSPORTATION IS AVAILABLE FOR $10.00

سپریم کورٹ میں اپیل کی سماعت ۲۳ دن جاری رہی

لاہور ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے کے خلاف سات دن کے اندر اندر سپریم کورٹ میں اپیل کرنے کی اجازت دی تھی۔ ۲۵ مارچ کو بھٹو کے وکیل جناب یحییٰ بختیار نے یہ اپیل دائر کر دی۔ مقدمہ قتل کے دیگر ملزمان پہلے ہی اپیلیں داخل کر چکے تھے۔ اپنی اپیل میں بھٹو نے یہ درخواست بھی کی کہ انہیں پھانسی کی کوٹھڑی کے بجائے کسی بہتر جگہ پر رکھا جائے۔ یکم اپریل کو سپریم کورٹ نے اس درخواست کی سماعت کی۔ وکیل استغاثہ جناب اعجاز بٹالوی نے کہا کہ وکیل صفائی کا یہ الزام جھوٹ اور بدنیتی پر مبنی ہے کہ بھٹو کو ایک بااختیار مگر غیر متعلق شخص کی ہدایت پر کال کوٹھڑی میں رکھا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بھٹو کو رہنے، کھانے، اور غسل وغیرہ کے لیے الگ الگ تین کمرے دیے گئے ہیں جو کوٹھڑی کی تعریف میں نہیں آتے۔ عدالت نے اسی دن یہ فیصلہ بھی کیا کہ بھٹو اور دیگر مجرموں کی اپیل کی سماعت ۹ مئی سے روزانہ ہوگی۔ بعد میں ۱۵ اپریل کو اپیل کی تیاری کے لیے بھٹو کے خصوصی وکیل جناب یحییٰ بختیار کی جانب سے اپیل کی تیاری کے لیے مہلت طلب کرنے پر سپریم کورٹ نے فیصلہ کیا کہ اپیلوں کی سماعت ۹ مئی کے بجائے ۲۰ مئی سے کی جائے۔ ۱۹ مئی کو وکیل صفائی جناب یحییٰ بختیار نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ سپریم کورٹ میں بھٹو کی اپیل کی سماعت منصفانہ ہوگی۔

اپیل کی سماعت کا آغاز

۲۰ مئی کو سپریم کورٹ میں بھٹو کی اپیل کی باقاعدہ سماعت کا آغاز ہوا۔ چیف جسٹس جناب جسٹس انوار الحق کی سربراہی میں ۹ ججوں پر مشتمل بنچ کی تشکیل دی گئی

سپریم کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس ایس انوار الحق



وہ کار جس میں احمد رضا قصوری اپنے والد محترم نواب محمد احمد خان کے ہمراہ سفر کر رہے تھے۔ دائروں میں گولیوں کے نشانات ہیں۔

لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس مسٹر جسٹس مشتاق حسین

بیگم نصرت بھٹو راولپنڈی میں سپریم کورٹ میں اپیل کی کارروائی سننے جا رہی ہیں (جنگ فوٹو)

بے نظیر بھٹو اپنی غیر ملکی سہیلی وکٹوریہ شیفیلڈ کے ہمراہ راولپنڈی میں سپریم کورٹ میں اپنے والد کی اپیل کی کارروائی سننے جا رہی ہیں

دفعہ ۱۰۹/۳۰۲ کیا ہے

تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۱۰۹ میں کہا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص کوئی کام ایسا کرتا یا ہونے دیتا ہے جس سے کسی کی موت واقع ہو سکتی ہے اور ایسے فعل سے وہ کسی ایسے شخص کے قتل کا مرتکب ہو جاتا ہے جو وہ ارادتاً قتل کرنا چاہتا ہو اور یہ جانتا ہو کہ اس کے فعل سے اس کی موت واقع ہو سکتی ہے تو سمجھا جائے گا کہ اس نے اس شخص کے قتل کا ارتکاب کیا ہے جسے وہ ارادتاً قتل کرنا چاہتا تھا یا یہ جانتا تھا کہ اس طرح اس کی موت واقع ہوگی۔

[illegible]

اٹارنی جنرل آف پاکستان مسٹر شریف الدین پیرزادہ

مسٹر بھٹو کے وکیل غلام علی میمن ملک ایڈووکیٹ کے ہمراہ کورٹ سے باہر آ رہے ہیں

ذوالفقار علی بھٹو راولپنڈی میں سپریم کورٹ میں پیشی کے لیے جا رہے ہیں (جنگ فوٹو)

ہر قسم کی اردو کتابیں دستیاب ہیں۔ مفت فہرست کے لیے ہمیں لکھیے۔

اردو ڈائجسٹ

ہر مہینے اردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیے
ہمیں لکھیے یا فون کیجیے

PRICE: $2.00 (Postage 45c Extra) Subscription for one year $25.00

اپنے چیک Technoi'ak کے نام لکھیے اور اس پتے پر بھیجیے:

Suite 804, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario,
Canada, M1W 2V2 (phones:(416) 497 9623, 493 4374)

SOLO MUZAFFAR REAL ESTATE BROKER 491-2205

PHONE: 491-2205

جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے
پاکستانی ریئل اسٹیٹ بروکر
نسیم مظفر

MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

150 Consumer Rd. Suite 407
Willowdale, Ontario.

Golden Mile گولڈن مائیل CHEVROLET OLDSMOBILE

MOTORS LIMITED

گولڈن مائیل کی ۱۹۷۸ء ماڈل کی اپنی نمائشی گاڑیوں کی
خاص کم قیمت سیل شروع ہے!
نئی یا پرانی گاڑیوں کی خرید کے لیے ہماری خدمات حاصل کیجیے

ANWAR SHAIKH

TELEPHONE: 759-2201 - AREA CODE 416

1897 EGLINTON AVENUE EAST, SCARBOROUGH, ONTARIO

اس شخص کے شرمناک جھوٹ کا جواب دینے کی اجازت دیجائے، سپریم کورٹ میں بیگم نواب محمد احمد کی ایک درخواست

سزائے موت کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل کی سماعت کے آخری مراحل میں ذوالفقار علی بھٹو کو عدالت عالیہ کی جانب سے یہ خصوصی رعایت دی گئی کہ وہ اپنی صفائی میں کچھ کہنا چاہے تو اجازت ہے۔ مسٹر بھٹو نے چار دن تک عدالت میں بیان دیا۔ اس کے بعد مرحوم نواب محمد احمد خان کی بیوہ اور جناب احمد رضا قصوری کی والدہ نے ۲۰ دسمبر کو سپریم کورٹ سے درخواست کی کہ ان کے بیٹے کو سزا یافتہ شخص کی شرمناک جھوٹ کا جواب دینے کی اجازت دی جائے۔ سپریم کورٹ کے نام تار کے ذریعہ بھیجی گئی درخواست میں انہوں نے کہا کہ اپیل کنندہ کو عدالت میں پیش ہونے کی اجازت کسی حلقے کی جانب سے مداخلت کے بغیر دی گئی ہے۔ اپیل کنندہ نے میرے بیٹے احمد رضا قصوری، میرے مرحوم شوہر کے خاندان کے بارے میں غیر متعلق، اتہام، بدنام کرنے اور غیر مہذب گفتگو کی ہے۔ مساوات اور قدرتی انصاف کا تقاضہ ہے کہ میرے بیٹے احمد رضا قصوری کو بھی عدالت میں پیش ہو کر سزا یافتہ اپیل کنندہ کے شرمناک جھوٹ کا جواب دینے اور اس مکار و عیار شخصیت کو عدالت اور قوم کے سامنے بے نقاب کرنے کی اجازت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ موقع نہیں دیا گیا تو میں سمجھوں گی کہ ہمارے مقدمے پر توجہ نہیں دی گئی۔ [illegible]





مقتول ـــــ نواب محمد احمد خان مرحوم

مستغیث ـــــ احمد رضا خان قصوری

احمد رضا قصوری اور ان کے رشتے دار مقتول نواب محمد احمد خان کا آخری دیدار کر رہے ہیں

بیگم نواب محمد احمد خان

خدا کیلئے اس بدی کو تباہ کردو تاکہ قانون کا احترام کرنے والے شہری امن و سکون کی زندگی بسر کرسکیں، بیگم محمد احمد کی اپیل

مقتول نواب محمد احمد خان کی بیوہ نے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے سے قبل بعض بیرونی شخصیتوں کی جانب سے بھٹو کیلئے رحم کی اپیل کے جواب میں ۵ مارچ ۱۹۷۸ء کو ایک بیان جاری کیا تھا۔ ہم ذیل میں اس بیان کا متن شائع کر رہے ہیں۔

بیگم مرحوم نواب محمد احمد خان نے اپنے بیان میں کہا [illegible]

[illegible] سے تعلق رکھتا ہے۔ ظلم اور ایذا رسانی قتل سے بدتر ہے اور اس ظلم اور ایذا رسانی سے بدتر کیا چیز ہو سکتی ہے جس کا نتیجہ ہی مسلسل قتل و غارت ہو۔ [illegible] سے اپیل کر رہی ہوں جیسے ذاتی غم و اندوہ سے بچانے سے جھلک جانے والے اس المیے کے ہمسر مضمرات کا بڑا دکھ کے ساتھ احساس ہے۔ یہ کوئی عام قسم کا قتل نہ تھا جس کا کسی عام قاتل نے ارتکاب کیا ہو بلکہ یہ ایک غیر جذباتی اور سوچا سمجھا قتل تھا۔

[illegible] بلکہ اس ملک کے ہر شہری کا حق اور پوری نوع انسان [illegible]

فیصلہ جو پڑھ کر سنایا گیا

سپریم کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس انوار الحق نے سپریم کورٹ کا حکم پڑھ کر سنایا جو درج ذیل ہے:

فوجداری اپیل نمبر ۱۱/۱۹۷۸، ذوالفقار علی بھٹو بنام سرکار۔ اکثریت کی رائے کے مطابق اپیل مسترد کی جاتی ہے اور ہائی کورٹ نے جن کو مجرم قرار دیا ہے اور جو سزائیں دی ہیں ان کو برقرار رکھا جاتا ہے اور توثیق کی جاتی ہے سوائے اس کے کہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۳۰۱ کا اطلاق نہیں ہوتا۔

فوجداری اپیل نمبر ۱۲/۱۹۷۸، میاں محمد عباس بنام سرکار

اکثریت کی رائے کے مطابق یہ اپیل مسترد کی جاتی ہے اور ہائی کورٹ کی جانب سے مجرم گرداننے اور سزا دینے کا فیصلہ بحال رکھا جاتا ہے اور اس کی توثیق کی جاتی ہے۔

فوجداری اپیل نمبر ۱۳/۱۹۷۸، غلام مصطفیٰ، ارشد اقبال اور رانا افتخار بنام سرکار

عدالت کی اکثریت کی رائے کے مطابق یہ اپیل مسترد کی جاتی ہے اور تینوں درخواست گزاروں کے خلاف ہائی کورٹ کا فیصلہ اور سزائیں برقرار رکھی جاتی ہیں اور ان کی توثیق کی جاتی ہے، سوائے اس کے کہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۳۰۱ کا اطلاق غلام مصطفیٰ پر نہیں ہوگا

راولپنڈی
۶ فروری ۱۹۷۹ء

وعدہ معاف گواہ ـــــ مسعود محمود

لاہور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس مولوی مشتاق حسین

[illegible]

قتل کی رپورٹ بھٹو کے عہد حکومت ہی میں درج کرا دی گئی

ایف آئی آر کا متن اور ایک کورٹ میں سماعت کی روداد

سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو اور دیگر ملزمان کے خلاف جس مقدمہ قتل کے سلسلے میں لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل کا تصفیہ آج سپریم کورٹ آف پاکستان نے کیا ہے [illegible] مدعا علیہ کا نام لیا تھا۔ یہ تحریری رپورٹ اچھرہ تھانے کو گئی جہاں اس کی بنیاد پر ۱۱ نومبر ۱۹۷۴ء کو ۳ بجکر ۲۰ منٹ پر ابتدائی رپورٹ درج کی گئی۔

ایف آئی آر

[illegible]

استغاثہ کا بیان

[illegible]

[illegible] [redacted] [illegible]

Reconditioned cars from Japan

TOYOTA—DATSUN—MAZDA

We ship completely reconditioned cars directly from Japan duely inspected for export by the Japan Automobile Association under control of Japanese Govt.

You can now take a car home to Pakistan after 6 months stay or send gift to your family after two years.

In addition, we ship complete range of 220 volt 50 HZ electrical appliances like TVs, Refrigerators, Washing Machines, Air Conditioners, Sewing Machines etc direct to your homeland.

For more detail, please contact:

The most repuated name for personal export in North America

AALICE INTERNATIONAL
3240 Bloor St.,W.,Suite No.5A
Toronto, Ont. CANADA, M8X 1E4
Tel:(416)231-1766 & 791-8496

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا ہفت روزہ اخبار

پندرہ روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورانٹو کینیڈا

جلد ۷ | ۱۸ ربیع الاول ۱۳۹۹ھ | ۱۵ فروری ۱۹۷۹ء | شمارہ ۲۳



بھٹو کو پھانسی دی جائے گی

لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کیخلاف مجرموں کی اپیل سپریم کورٹ نے مسترد کردی

بھٹو کے علاوہ دوسرے چار مجرموں میاں عباس ارشد اقبال رانا افتخار اور غلام مصطفیٰ کی سزائے موت بھی بحال رکھی گئی فیصلہ کے اعلان کے وقت کمرہ عدالت وکلا اور ملکی و غیر ملکی صحافیوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا

راولپنڈی ۶ فروری (نمائندگان جسارت۔ مختار حسن، مسعود ساحر) پاکستان کے سپریم کورٹ نے آج سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی اپیل مسترد کردی اور نواب محمد احمد خان کے قتل کے مقدمہ میں ان کے خلاف لاہور ہائیکورٹ کی پھانسی کی سزا برقرار رکھی۔ عدالت عظمیٰ نے اس مقدمہ میں ملوث ایف ایس ایف کے چار ملازمین کی اپیلیں بھی مسترد کر کے ان کی پھانسی کی سزائیں برقرار رکھیں۔ فیصلہ آج گیارہ بجکر آٹھ منٹ پر سنایا گیا اس موقع پر عدالت کا کمرہ وکلاء اور ملکی و غیر ملکی اخباری نمائندوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا سپریم کورٹ کی مکمل بنچ جس نے مقدمہ کی سماعت کی چیف جسٹس پاکستان مسٹر جسٹس انوار الحق، مسٹر جسٹس محمد اکرم، مسٹر جسٹس دوراب پٹیل، مسٹر جسٹس محمد حلیم، مسٹر جسٹس صفدر شاہ، مسٹر جسٹس کرم الٰہی چوہان، مسٹر جسٹس نسیم حسن شاہ پر مشتمل تھی۔ مکمل بنچ کے مزید دو ججوں میں سے ایک جج مسٹر جسٹس قیصر خان سماعت کے دوران ملازمت سے ریٹائر ہو گئے جب کہ [illegible]

[illegible]

بھٹو کیخلاف مزید مقدمات بھی موجود ہیں

[illegible]

[illegible]

[illegible]

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 7 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Please make cheques payable to "Crescent"

Crescent کریسنٹ انٹرنیشنل

339 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name..
Address...
....
Postal Code.....................................
Telephone No....................................